**14.09.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

..................................................................................

☆ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے کروکشیتر سے ہریانہ اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی کی چناؤ مہم کا آغاز کیا۔

☆ کانگریس کے سرکردہ رہنماؤں اشوک گہلوت، اجے ماکن اور پرتاپ سنگھ باجوہ کو ہریانہ اسمبلی چناؤ کیلئے پارٹی کے اعلیٰ مشاہدین مقرر کیا گیا ہے۔

☆ جموں کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے بھی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔

☆ مرکز نے پیاز پر برآمدی محصول 40 فیصد سے 20 فیصد کر دیا ہے۔

☆ بھارت نے روس کے شہر سینٹ پیٹرز برگ میں برکس کی میٹنگ میں ثقافت کو پائیدار ترقی کے مقاصد میں مرکزی حیثیت دینے کی ضرورت دوہرائی ہے۔

☆ اور......کھیلوں میں چین کے شہر Moqi میں ایشیائی چمپئنز ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ میں بھارت نے اپنے آخری لیگ میچ میں روایتی حریف پاکستان کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہرا دیا۔

..................................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM Rallies*

وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے جموں و کشمیر اور ہریانہ میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں آج چناؤ ریلیوں سے خطاب کیا۔ کروکشیتر کے تھیم پارک میں آج شام ہریانہ اسمبلی انتخابات کیلئے BJP کی چناؤ مہم کا آغاز کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے ہریانہ کی ترقی بہت اہمیت کی حامل ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ سرکار، غریبوں، خواتین، کسانوں اور نوجوانوں کو بااختیار بنا رہی ہے۔ انہوں نے یہ

بھی کہا کہ اُن کی سرکار کی تیسری مدت کے 100 دن کے اندر ہی اُس نے 15 لاکھ کروڑ روپے مالیت کے نئے پروجیکٹوں کو منظوری دی۔

2100-PM-Project / Awas

وزیر اعظم نے کہا کہ BJP سرکار نے پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت غریبوں کیلئے 3 کروڑ مکانات کی تعمیر کی منظوری دی۔

جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ سرکار کے لکھپتی دیدی پروگرام کی بدولت خواتین کو بااختیار بنایا جا رہا ہے اور صرف 100 دن میں ہی گیارہ لاکھ سے زیادہ خواتین لکھپتی دیدی بن گئی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ BJP کی زیر قیادت مرکزی سرکار نے 70 سال سے زیادہ عمر کے بزرگ شہریوں کو 5 لاکھ روپے مالیت کا مفت علاج فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے ہریانہ میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اعلیٰ مشاہدین کی حیثیت سے پارٹی کے تین سرکردہ لیڈروں کو مقرر کیا ہے۔

اِن میں اشوک گہلوت، اجئے ماکن اور پرتاپ سنگھ باجوہ شامل ہیں۔

آنے والے دنوں میں کانگریس، عام آدمی پارٹی، انڈین نیشنل لوک دَل، جَن نائک جنتا پارٹی اور دیگر پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر اور ممتاز شخصیات بھی ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے انتخابی مہم میں شامل ہوجائیں گے۔ ہریانہ میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات، اگلے مہینے کی 5 تاریخ کو ہوں گے۔

اُدھر جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ اِس مرحلے میں اِس مہینے کی 18 تاریخ کو 24 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے آج ڈوڈہ کے اسپورٹس اسٹیڈیم میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اپوزیشن پارٹیوں پر اقرباء پروری کا الزام لگایا اور کہا کہ جموں کشمیر ترقی کی ایک نئی داستان لکھ رہا ہے۔

2100- PM- Youth / Pariwarwad

کشمیر وادی میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔

نیشنل کانفرنس کے قائم مقام نائب صدر عمر عبد اللہ نے آج اننت ناگ ضلع میں عیش مقام پر ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا اور کہا کہ اقتدار میں آنے پر نیشنل کانفرنس، جو سرکار بنائے گی، وہ عوام کا پورا خیال رکھے گی۔

BJP قومی ایگزیکیٹو کے ممبر اور جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی پلوامہ ضلع کے راج پورہ علاقے میں Abahama کے مقام پر ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ اس موقع پر محترمہ درخشاں اندرابی نے نوجوان رائے دہندگان سے اپیل کی کہ وہ خاندانی سیاست کو مسترد کر دیں۔

اِدھر پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ PDF کے چیئرمین اور بڈگام کے خان صاحب اسمبلی حلقے کیلئے امیدوار حکیم محمد یاسین نے ایک جلسۂ عوام سے خطاب کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ خاندانی سیاست کرنے والی پارٹیوں کو مسترد کر دیں۔x

**PM Jharkhand**

وزیر اعظم نریندر مودی کل ٹاٹا نگر جنکشن ریلوے اسٹیشن پر ٹاٹا نگر-پٹنہ وندے بھارت ٹرین سمیت 6 وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جناب مودی 660 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے مختلف ریلوے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے اور انہیں ملک کو وقف کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

VC/ K.K.Lal

ٹاٹانگر-پٹنہ وندے بھارت ٹرین کے علاوہ وزیر اعظم بھاگلپور-دُمکا-ہاوڑہ، گیا-ہاوڑہ، دیوگھر-وارانسی، راورکیلا-ہاوڑہ اور برہام پور-ٹاٹانگر وندے بھارت ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ اِن سے اِن راستوں پر کنیکٹی ویٹی میں بہتری آئے گی۔ اِن ریل گاڑیوں سے خطے میں مذہبی مقامات سے متعلق سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور دیوگھر میں بیدھ ناتھ دھام، وارانسی میں کاشی وشوناتھ مندر اور کولکتہ میں کالی گھاٹ اور Belur Math آنے والے عقیدتمندوں کو سفر کیلئے تیز اور آرام دہ وسیلہ ملے گا۔ ان ریل گاڑیوں سے مختلف علاقوں میں صنعتی سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ بھارتی ریلویز کو عالمی طرز پھر ڈھالنے کے حکومت کے وسیع تر نظریے کی وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں سے عکاسی ہوتی ہے۔

اِس دوران وزیر اعظم جمشید پور کے گوپال میدان میں ایک عوامی اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ اِس سے پہلے وہ ایک روڈ شو بھی کریں گے۔

جمشید پور سے کرشن کمار لال کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

وزیر اعظم کل جمشید پور میں ایک تقریب میں پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے مستفیدین کو پہلی قسط بھی منتقل کریں گے۔رانچی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ وزیراعظم ریاست کے تقریباً 20 ہزار مستفیدین کو منظوری کے مراسلے تقسیم کریں گے۔ اس کے علاوہ 5 کروڑ روپئے سے زیادہ متعلقہ افراد کے بینک کھاتوں میں براہِ راست منتقل کئے جائیں گے۔ جناب چوہان نے مزید کہا کہ 46 ہزار مستفیدین کے نوتعمیر شدہ مکانات کی گرہ پرویش کی تقریب بھی ہوگی۔

S/B Shivraj Singh Chauhan

**J&K Constituency**

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم اپنے عروج پر ہے اور یہ انتخابی عمل تین مراحل میں مکمل ہوگا۔ یہ انتخابات جموں وکشمیر کیلئے اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ یہ 10 سال کے وقفے کے بعد ہو رہے ہیں۔ پچھلا چناؤ 2014 میں ہوا تھا۔ پہلے مرحلے کے تحت 24 اسمبلی حلقوں میں سے 16 میں پولنگ ہوگی جن میں زیادہ تر جنوبی کشمیر میں ہیں اور پلوامہ ایک اہم حلقہ ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Sunil Koul

## Onion Duty

مرکزی حکومت نے پیاز پر برآمداتی محصول کم کرکے 40 سے 20 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ اِس فیصلے سے کسانوں اور پیاز سے وابستہ دیگر شعبوں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس فیصلے کی بدولت پیاز کی پیداوار کرنے والے کسانوں کو بہتر قیمت ملے گی اور پیاز کی برآمدات میں بھی اضافہ ہوگا۔ سوشل میڈیا کی ایک اور پوسٹ پر داخلی امور اور امدادِباہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا کہ برآمداتی ڈیوٹی میں کمی کرنے کا مقصد کسانوں کو اُن کی پیداوار کی مناسب قیمت فراہم کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس کمی سے برآمدات کو فروغ ملے گا اور پیاز کی پیداوار کرنے والے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔x

## J&K Terrorists

جموں کشمیر میں دہشت گردوں کے ساتھ حالیہ جھڑپوں کے تناظر میں سکیورٹی فورسز نے کِشتواڑ، اودھم پور، پُنچھ اور راجوری ضلعے کے کچھ حصوں میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی تیز کر دی ہے۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ کشتواڑ ضلعے کی Chatroo پٹی میں Pingnal Dugadda کے جنگلوں میں مشترکہ کارروائی آج دوسرے دن بھی جاری رہی۔ وہاں دہشت گردوں کا پتہ لگانے کیلئے مزید اہلکار تلاش کرنے والے دستوں کے ساتھ شامل ہوگئے۔

ایک وسیع علاقے کا محاصرہ کیا گیا اور سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کو ڈھونڈ نکالنے کیلئے ڈرونز اور جدید طرز کے دیگر آلات وغیرہ کا استعمال کیا۔ یہ دہشت گرد، اندھیرے اور گھنے جنگلوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے تصادم کے بعد وہاں سے فرار ہوگئے تھے۔

اِدھر اودھم پور ضلعے کے اونچائی والے علاقوں میں بھی تلاش کی بڑی کارروائی جاری ہے۔ x

## J&K Baramulla Encounter

شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلعے میں آج صبح Kreeri کے تصادم میں 3 دہشت گرد مارے گئے۔ پولیس کے مطابق Kreeri علاقے کی ایک بستی Chak-e-Taper میں سکیورٹی فورسز نے ایک جھڑپ میں 3 دہشت گردوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ x

## BRICS Meet Culture

بھارت نے روس کے سینٹ پیٹرس برگ میں برکس کی میٹنگ میں پائیدار ترقیاتی مقاصد میں ثقافت کو مرکزی حیثیت کے طور پر تسلیم کئے جانے کی ضرورت کا اعادہ کیا ہے۔ بھارت نے 2030 کے بعد عالمی ترقیاتی ایجنڈے میں ثقافت کو مرکزیت دیئے جانے کی وکالت کی اور اِس بات کو اجاگر کیا کہ اقتصادی ترقی، سماجی شمولیت اور پائیدار ترقی کو یقینی بنانے میں یہ بڑی تبدیلی لانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ برکس کے ثقافت کے محکمے کے وزراء کی نویں میٹنگ سے

خطاب کرتے ہوئے ثقافت کی وزارت کے سکریٹری Arunish Chawla نے عالمی ترقیاتی حکمت عملیوں میں ثقافت کو مرکزی حیثیت دیئے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے اختراعی صنعتوں، جدت طرازی، روزگار پیدا کرنے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا اور اقتصادی اور سماجی ترقی کی خاطر برکس ممالک سے اپنی جامع ثقافتی قوتوں کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ برکس کے ثقافتی وزراء کیلئے بھارت کے 4 رکنی وفد نے برکس ممالک کو یہ تجویز پیش کی ہے کہ وہ اقتصادی ترقی اور سماجی شمولیت کی خاطر اپنی ثقافتی طاقت کو استعمال کریں۔x

**IMD**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، اڈیشہ اور جھارکھنڈ میں بہت شدید سے انتہائی شدید بارش اور اچانک سیلاب کے اوسط سے شدید خطرے کی پیشگوئی کی ہے۔ آئندہ دو دنوں میں چھتیس گڑھ، بہار اور مشرقی مدھیہ پردیش میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اگلے 48 گھنٹوں میں اروناچل پردیش، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، بہار، اترپردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، آسام اور میگھالیہ میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے 16 تاریخ کی صبح تک شمالی خلیج بنگال، بنگلہ دیش سے متصل اور اُس سے دور حصوں، مغربی بنگال اور اڈیشہ میں ماہی گیروں کو سمندر میں نہ جانے کا مشورہ دیا ہے۔x

**UP Rain**

اترپردیش میں گزشتہ کئی دن سے بارش ہونے اور باندھوں سے پانی چھوڑنے جانے کے سبب مختلف مقامات پر کئی دریا خطرے کے نشان سے اوپر پہنچ گئے ہیں۔ بدایوں میں دریائے گنگا، باندہ میں Ken دریا اور Dhaulpur میں چمبل دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔بجنور بیراج سے پانی چھوڑے جانے کی وجہ سے امروہہ ضلع میں دریائے گنگا طغیانی پر ہے، جبکہ پریاگ راج میں گنگا-جمنا کی پانی کی سطح میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ سنگم کے علاقے میں پانی کی سطح میں اضافے کے سبب سیلاب سے متاثرہ خطوں میں سبھی گھاٹوں پر متعلقہ پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ x

**INdia G20 Agriculture Meeting**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیرمملکت رام ناتھ ٹھاکر نے کہا ہے کہ بھارت، خوراک کی یقینی فراہمی اور تغذیہ بخش خوراک کی خاطر دنیا کے سب سے بڑے خوراک پر مبنی سیفٹی پروگراموں پر عمل در آمد کر رہا ہے۔ وہ آج برازیل میں جی-ٹوئنٹی کے وزراء زراعت کی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب ٹھاکر نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت نے زرعی ترقی کو ترجیح دی ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت کے موقف میں نہ صرف پیداواریت پر توجہ مرکوز کی گئی ہے بلکہ کسانوں کی خوشحالی میں اضافہ کرکے اور ترقی کیلئے ایک جامع نظریہ پیش کرکے اقتصادی، سماجی اور ماحولیات کے اعتبار سے پائیداری کو بھی

یقینی بنایا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے پائیدار اور خوشحال مستقبل کی خاطر ایک مضبوط زرعی نظام تیار کرنے کے بھارت کے عہد پر بھی زور دیا۔x

## Sport Round UP

ہاکی میں، آج چین کے Moqi میں ایشیائی چمپئنس ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ میں اپنے فائنل لیگ مقابلے میں بھارت نے روایتی حریف پاکستان کو ایک سنسنی خیز مقابلے میں ایک کے مقابلے دو گول سے ہرا دیا۔ کپتان ہرمن پریت سنگھ نے ٹیم کیلئے دونوں گول کئے، جبکہ پاکستان نے میچ میں پہلے سبقت حاصل کرلی تھی۔ دونوں ہی ٹیموں نے سیمی فائنل میں اپنی جگہ پکی کرلی ہے، لیکن بھارتی ٹیم چھ ملکوں کی ایشیائی چمپئن شپ میں وہ واحد ٹیم ہے جسے کسی بھی مقابلے میں شکست کا سامنا نہیں ہوا ہے۔ پیر کے روز سیمی فائنل مقابلوں میں بھارت کا مقابلہ کوریا سے جبکہ پاکستان کا چین سے ہوگا۔

بیڈمنٹن میں، Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto کی بھارتی جوڑی کو ویتنام اوپن سوپر 100 ٹورنامنٹ میں Dhruv کی طبیعت ناساز ہونے کی وجہ سے آج اپنے سیمی فائنل میچ سے باہر ہونے پر مجبور ہونا پڑا۔ درجہ بندی میں چھٹی پوزیشن کی بھارتی جوڑی کا مقابلہ انڈونیشیائی جوڑی سے ہونا تھا۔ تاہم Dhruv کو بخار اور کمر میں درد سمیت طبیعت ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے میچ نہ کھیلنے کا فیصلہ کرنا پڑا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆